# THE HOPE

QUALITY EDUCATION WITH QUALITY MATERIAL

# گیس پیپرز

پہلا سالانہ امتحان 2024ء

# ترجمۃ القرآن المجید

## برائے جماعت دہم

ترتیب: نعمان صدف

پنجاب کے تمام بورڈز کے نئے پیپر پیٹرن کے عین مطابق

# کثیر الانتخابی سوالات

## 1- سورۃ الانعام

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | مشرکین کے نزدیک حلّت وحرمت کا معیار تھا: | سابقہ آسمانی کتب | خودساختہ عقائد | ایرانی تہذیب | عجمی تہذیب |
| 2 | اَلْاَنْعَام کی واحد ہے: | اَلنَّعَمُ | اَلنَّاعِمُ | اَلنِّعْمَۃُ | اَلنِّعَمُ |
| 3 | الانعام کا معنی ہے: | مویشی | نعمتیں | سواریاں | بت |
| 4 | سورۃ الانعام میں توحید کے دلائل کے ضمن میں ذکر کیا گیا ہے: | انبیائے کرام علیہم السلام کا | جنّات کا | فلسفیوں کا | انسانوں کا |
| 5 | رزق کی کمی کے ڈر کی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے مشرکین کو کس سے منع فرمایا؟ | قتلِ اولاد | بُت پرستی | شراب نوشی | ڈاکازنی |
| 6 | سورۃ الانعام میں رکوع ہیں: | 10 | 30 | 25 | 20 |
| 7 | سورۃ الانعام میں آیات ہیں: | 165 | 185 | 175 | 155 |

## 2- سورۃ الاعراف

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | مقام اعراف موجود ہے: | منیٰ ومزدلفہ کے درمیان | جنت ودوزخ کے درمیان | زمین وآسمان کے درمیان | مکّہ مکرّمہ اور مدینہ منوّرہ کے درمیان |
| 2 | غصّے کی حالت میں پڑھنے کی نصیحت کی گئی ہے: | تسمیہ | تعوّذ | تسبیح | تحمید |
| 3 | قیامت تک کامیابی کا واحد ذریعہ اطاعت وفرماں برداری ہے: | فرشتوں کی | جنات کی | علم والوں کی | نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖن صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی |
| 4 | سورۃ الاعراف میں مذکور نور سے مراد ہے: | تورات | زبور | انجیل | قرآنِ مجید |
| 5 | سورۃ الاعراف کا مرکزی موضوع ہے: | عقیدۂ آخرت و رسالت | قیامت کے احوال | منافقین کا انجام | کفّارِ مکّہ کے اعتراضات کا جواب |
| 6 | سب سے طویل مکی سورت ہے: | سورۃ آلِ عمران | سورۃ البقرہ | سورۃ الاعراف | سورۃ الفاتحہ |
| 7 | سورۃ الاعراف کے رکوع ہیں: | 30 | 24 | 36 | 40 |
| 8 | سورۃ الاعراف کی آیات ہیں: | 200 | 240 | 280 | 206 |
| 9 | جنت اور دوزخ کے درمیان ایک بلند مقام ہے: | اعراف | عدن | کوثر | پل صراط |
| 10 | سورۃ الاعراف کے آغاز میں قصہ بیان ہوا ہے: | حضرت یوسف علیہ السلام کا | حضرت موسیٰ علیہ السلام و فرعون کا | حضرت ابراہیم علیہ السلام و نمرود کا | حضرت آدم علیہ السلام و ابلیس کا |

## 3- سورۃ یونس

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | قیامت کے دن کفار کو دنیا کی راحت ولذت والی زندگی محسوس ہوگی: | خوب صورت | مختصر | شان دار | کامیاب |
| 2 | سورۃ یونس کے ابتدائی حروف ہیں: | الٓرٰ | کٓھٰیٰعٓصٓ | الٓمّٓ | نٓ |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 3 | قیامت کے دن مشرکین سے ان کے معبود کریں گے: | حُسنِ سلوک | اظہارِ براءت | سفارش | تعاون |
| 4 | سورۂ یونس میں آخرت کو کہا گیا ہے: | ابدی | عارضی | محدود | فانی |
| 5 | قرآنِ مجید کی ترتیب کے مطابق سورۂ یونس کا نمبر ہے: | نواں | دسواں | گیارھواں | بارھواں |
| 6 | سورۂ یونس کی آیات ہیں: | 129 | 119 | 99 | 109 |
| 7 | سورۂ یونس کے رکوع ہیں: | 26 | 31 | 11 | 21 |

# 4- سورۃ ھود

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | سورۂ ھود کے آغاز میں نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيِّينَ ﷺ کی بیان کردہ صفات ہیں: | بشیر ونذیر | صادق وامین | رؤف ورحیم | حامد ومحمود |
| 2 | قومِ ثمود پر نازل ہونے والا عذاب تھا: | آندھی اور طوفان | پتھروں کی بارش | سمندر میں غرق ہونا | چیخ |
| 3 | حضرت صالح علیہ السلام کی قوم کا نام تھا: | عاد | ثمود | عمالقہ | ایکہ |
| 4 | حضرت نوح علیہ السلام نے اہلِ ایمان کو عذابِ الٰہی سے بچانے کے لیے تدبیر اختیار کی: | کشتی بنائی | پُل بنایا | قلعہ بنایا | غار بنائی |
| 5 | دو بیٹوں کی خوش خبری دی گئی ہے: | حضرت ابراہیم علیہ السلام کو | حضرت نوح علیہ السلام کو | حضرت ہود علیہ السلام کو | حضرت صالح علیہ السلام کو |
| 6 | سورۂ ھود میں رکوع ہیں: | 15 | 20 | 10 | 25 |
| 7 | سورۂ ھود میں آیات ہیں: | 103 | 123 | 113 | 93 |
| 8 | سورۂ ھود کا مرکزی موضوع ہے: | جہاد | ارکانِ اسلام | انفاق فی سبیل اللہ | عقائد اسلام |
| 9 | حضرت نوح علیہ السلام کی کشتی کا ذکر ہے: | سورۂ نبا میں | سورۂ عبس میں | سورۂ ھود میں | سورۃ المومنون میں |
| 10 | قومِ ثمود ہلاک کر دی گئی: | طوفان سے | سخت زلزلے سے | سیلاب سے | سخت چنگاڑ سے |
| 11 | پتھروں کی بارش برسائی گئی: | قومِ لوط پر | قومِ عاد پر | قومِ ثمود پر | قومِ نوح پر |

# 5- سورۃ الرعد

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | مُعَقِّبٰتٌ کا معنیٰ ہے: | پیچھے آنے والے | حساب کرنے والے | سزا دینے والے | سوال کرنے والے |
| 2 | انفاق فی سبیل اللہ سے مراد ہے: | اللہ تعالیٰ کے راستے میں خرچ کرنا | تجارت کے لیے خرچ کرنا | ضروریات کے لیے خرچ کرنا | سیر و تفریح کے لیے خرچ کرنا |
| 3 | منکرینِ حق نے ہر دور میں انبیائے کرام علیہم السلام کے ساتھ کیا: | مکر و فریب | عدل وانصاف | حسنِ سلوک | تعاون |
| 4 | رعد سے مراد ہے: | بادلوں کی گرج | ہواؤں کا شور | تیز بارش | سرخ آندھی |
| 5 | سورۃ الرعد کے آغاز میں بیان ہے: | اللہ تعالیٰ کی قدرتِ کاملہ کا | قیامت کی نشانیوں کا | حشر کے احوال کا | عذابِ الٰہی کا |
| 6 | سورۃ الرعد میں رکوع ہیں: | 4 | 5 | 6 | 7 |
| 7 | سورۃ الرعد میں آیات ہیں: | تینتالیس | پینتالیس | اسّی | نوے |

# 6- سورۃ ابراھیم

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | سورۃ ابراہیم میں انبیائے کرام علیہم السلام کی دعوت ٹھکرانے پر کون سا پانی پلانے کی وعید سنائی گئی ہے؟ | مَآءٍ صَدِيْدٍ | مَآءٍ حَمِيْمٍ | مَآءٍ جَحِيْمٍ | مَآءٍ بَارِدٍ |
| 2 | اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کی ناقدری کرنے والے شخص کو کہا گیا ہے: | بے انصاف اور ناشکرا | جاہل اور بے وقوف | سست اور ان پڑھ | ضدی اور ہٹ دھرم |
| 3 | دعوتِ حق نہ ماننے والوں کو آخرت میں لباس پہنایا جائے گا: | پتوں کا | تانبے کا | لوہے کا | آگ کا |
| 4 | کفار کے اعمال قیامت کے دن ہوں گے: | راکھ کی طرح | بارش کی طرح | برف کی طرح | مٹی کی طرح |
| 5 | وہ خصوصی احکام جو سورۃ ابراہیم میں مذکور ہیں: | نماز پڑھنا اور خرچ کرنا | روزہ اور اعتکاف | حج اور عمرہ | تہجد اور تراویح |
| 6 | سورۃ ابراہیم میں رکوع ہیں: | 7 | 8 | 17 | 18 |
| 7 | سورۃ ابراہیم میں آیات ہیں: | 42 | 52 | 62 | 32 |
| 8 | سورۃ ابراہیم کا مرکزی موضوع ہے: | جہاد کی فضیلت | احترامِ انسانیت | شرک کی مذمت | حقوقِ والدین |

# 7- سورۃ الحجر

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | مدینہ منورہ اور شام کے وسط میں موجود پہاڑوں کے درمیانی علاقے کو کہا جاتا ہے: | وادیِ حجر | وادیِ نخلہ | وادیِ سینا | وادیِ طائف |
| 2 | سبع مثانی سے مراد ہے: | سورۃ الناس | سورۃ البقرہ | سورۃ الاخلاص | سورۃ الفاتحہ |
| 3 | سورۃ الحجر میں کن کے مہمانوں کا تذکرہ ہے؟ | حضرت نوح علیہ السلام | حضرت شعیب علیہ السلام | حضرت اسحٰق علیہ السلام | حضرت ابراہیم علیہ السلام |
| 4 | وادیِ حجر میں آباد تھی: | قوم ثمود | قوم عاد | قوم نوح | قوم لُوط |
| 5 | قوم ثمود کی طرف نبی بنا کر بھیجا گیا: | حضرت نوح علیہ السلام کو | حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو | حضرت شعیب علیہ السلام کو | حضرت صالح علیہ السلام کو |
| 6 | سورۃ الحجر میں رکوع ہیں: | 15 | 20 | 6 | 10 |
| 7 | سورۃ الحجر میں آیات ہیں: | ننانوے | پچاس | ستر | اسّی |
| 8 | وادی حجر میں آباد تھی: | قوم ثمود | قوم عاد | قوم شعیب | قوم موسیٰ |
| 9 | "اصحاب الحجر" کہا جاتا ہے: | قوم عاد کو | قوم نوح کو | قوم موسیٰ کو | قوم ثمود کو |
| 10 | سبع مثانی کا ذکر ہے: | سورۃ الانعام میں | سورۃ الاعراف میں | سورۃ الحجر میں | سورۃ البقرہ میں |
| 11 | آپ خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اعلانیہ تبلیغ دین کا حکم دیا گیا ہے: | سورۃ الحجر میں | سورۃ القریش میں | سورۃ الناس میں | سورۃ الفلق میں |

# 8- سورۃ النحل

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کے تذکرہ کی وجہ سے سورۃ النحل کو کہا جاتا ہے: | سُوْرَۃُ النِّعَمِ | سُوْرَۃُ سُبْحَانَ | سُوْرَۃُ فُصِّلَتْ | سُوْرَۃُ الْغَافِرِ |
| 2 | ہر وہ چیز جو اللہ تعالیٰ کی یاد سے غافل کر دے اسے کہتے ہیں: | طاغوت | محنت | اصلاح | رکاوٹ |
| 3 | سورۃ النحل میں قرآن مجید کے لیے لفظ آیا ہے: | ذکر | نحل | النعم | نور |
| 4 | جس کا جتنا حق ہے اسے اتنا ہی عطا کرنا کہلاتا ہے: | عدل | احسان | ایثار | وصیت |
| 5 | کسی شخص کو اس کے حق سے زیادہ دینا کہلاتا ہے: | عدل | انصاف | ایثار | احسان |
| 6 | سورۃ النحل میں رکوع ہیں: | 12 | 10 | 16 | 20 |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 7 | سورۃ النحل میں آیات ہیں: | 60 | 100 | 80 | 128 |
| 8 | شہد کی مکھی کو عربی میں کہتے ہیں: | الانعام | الاعراف | النحل | الزمر |
| 9 | دنیاو آخرت کے احوال کے لحاظ سے گروہ ہیں: | تین | چار | پانچ | دو |

## 9- سورۃ بنی اسرائیل

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | سورۃ بنی اسرائیل کا دوسرا نام ہے: | سُوْرَةُ سُبْحَانَ | سُوْرَةُ نُوْرٍ | سُوْرَةُ الْهِدَايَةِ | سُوْرَةُ الْمِعْرَاجِ |
| 2 | سفر اسراء سے مراد ہے: | مسجدِ حرام سے مسجدِ اقصیٰ کا سفر | مسجدِ حرام سے مسجدِ نبوی کا سفر | مسجدِ نبوی سے مسجدِ اقصیٰ کا سفر | مسجدِ اقصیٰ سے سدرۃ المنتہیٰ کا سفر |
| 3 | واقعہ معراج کا ذکر ہے: | سورۃ النور میں | سورۃ بنی اسرائیل میں | سورۃ الانعام میں | سورۃ الاعراف میں |
| 4 | لفظِ اُف کہنے سے منع کیا گیا ہے: | والدین سے | دوستوں سے | رشتے داروں سے | بہن بھائیوں سے |
| 5 | اسراء کا معنیٰ ہے: | رات کو سیر کرانا | دن کو سیر کرانا | والدین کا ادب کرنا | بلندی پر سفر کرنا |
| 6 | سورۃ بنی اسرائیل میں رکوع ہیں: | 20 | 12 | 10 | 6 |
| 7 | سورۃ بنی اسرائیل میں آیات ہیں: | 111 | 90 | 70 | 40 |
| 8 | سورۃ اسراء کہتے ہیں: | سورۃ التوبہ کو | سورۃ بنی اسرائیل کو | سورۃ الاحزاب کو | سورۃ الانفال کو |
| 9 | آپ خَاتَمُ النَّبِيِّيْن ﷺ کا عظیم معجزہ ہے: | معراج | شق صدر | قیام الیل | ہجرت مدینہ |
| 10 | سورۃ بنی اسرائیل میں شیطانی عمل قرار دیا گیا ہے: | فضول خرچی کو | ظلم کرنے کو | مسلسل روزے رکھنے کو | بلاوجہ رات کو جاگنے کو |

## 10- سورۃ الکھف

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | اصحابِ کہف نے غار میں پناہ لی: | بادشاہ کے ظلم و ستم سے تنگ آکر | سخت سردی سے بچنے کے لیے | ڈاکوؤں سے بچنے کے لیے | مال کو محفوظ کرنے کے لیے |
| 2 | کہف کا معنیٰ ہے: | گھر | بازار | جنگل | غار |
| 3 | اصحابِ کہف غار میں سوئے رہے: | تین سو سال | تین سو پانچ سال | تین سو نو سال | تین سو گیارہ سال |
| 4 | ذوالقرنین نے یاجوج وماجوج کو دو پہاڑوں کے درمیان قید کیا: | لوہے اور تانبے کی دیوار بنا کر | لوہے کا پنجرہ بنا کر | سونے اور پتھروں کی دیوار بنا کر | لوہے اور چاندی کی دیوار بنا کر |
| 5 | یاجوج وماجوج حضرت نوح علیہ السلام کے کس بیٹے کی اولاد ہیں؟ | سام | حام | یافث | کنعان |
| 6 | الکھف کا معنیٰ ہے: | غار | سورج | پہاڑ | بارش |
| 7 | حضرت نوح علیہ السلام کے بیٹے یافث کی اولاد ہیں: | بنو اُمیہ | یاجوج وماجوج | بنو قریظہ | بنو نضیر |
| 8 | ذوالقرنین کا معنیٰ ہے: | دو کناروں والا | دو پہاڑوں والا | دو میناروں والا | دو دریاؤں والا |

## 11- سورۃ المومنون

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | سورۃ المومنون کا مرکزی موضوع ہے: | نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ ﷺ کے اتباع کی دعوت | جنت کی نعمتوں کا تذکرہ | صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی صفات | قرآنِ مجید کا اعجاز |
| 2 | سورۃ المومنون کے آغاز میں بیان کی گئی ہیں: | مومنین کی صفات | قیامت کی نشانیاں | جنّت کی نعمتیں | کفار کی سازشیں |
| 3 | اللہ تعالیٰ نے حضرت نوح علیہ السلام کی قوم پر عذاب نازل فرمایا: | سیلاب کا | آگ کا | چیخ کا | پتھروں کا |
| 4 | انسان کے تخلیقی مراحل کے ذکر کرنے کا مقصد مضبوط کرنا ہے: | عقیدۂ توحید | عقیدۂ رسالت | عقیدۂ تقدیر | عقیدۂ آخرت |
| 5 | سورۃ المومنون کے آخری حصے میں تذکرہ ہے: | مومنین کی صفات کا | قیامت کے احوال کا | انسان کی پیدائش کے مراحل کا | انبیائے کرام علیہم السلام کی دعاؤں کا |
| 6 | سورۃ المومنون میں رکوع ہیں: | 10 | 15 | 6 | 18 |
| 7 | سورۃ المومنون میں آیات ہیں: | 100 | 118 | 128 | 200 |

# 12- سورۃ الزمر

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | زُمَرٌ کا معنیٰ ہے: | قوم | گروہ | لوگ | مقدس |
| 2 | سورۃ الزمر میں مسلمانوں کو اجازت دی گئی ہے: | تجارت کی | جہاد کی | ہجرت کی | تبلیغ کی |
| 3 | زمین و آسمان کی بادشاہت کا مالک اللہ تعالیٰ کو سمجھنا ہے: | عقیدۂ توحید | عقیدۂ رسالت | عقیدۂ آخرت | عقیدۂ ختم نبوت |
| 4 | دوسری بار صور پھونکے جانے کے فوراً بعد لوگ جائیں گے: | قبر میں | جنت میں | جہنم میں | محشر میں |
| 5 | حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ ﷺ سورۃ الزمر کی تلاوت فرماتے تھے: | سونے سے پہلے | فجر کی نماز کے بعد | عصر کی نماز کے بعد | مغرب کی نماز کے بعد |
| 6 | "زمر" کا معنیٰ ہے: | گروہ | تجارت | دعوت | ہجرت |

# 13- سورۃ المومن

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | فرعون قتل کروا دیتا تھا: | بنی اسرائیل کے لڑکوں کو | بنی اسرائیل کی لڑکیوں کو | بنی اسرائیل کے بوڑھوں کو | بنی اسرائیل کے علما کو |
| 2 | سورۃ المومن کے آغاز میں بیان ہے: | توراتِ مقدس کا | زبورِ مقدس کا | انجیلِ مقدس کا | قرآنِ مجید کا |
| 3 | سورۃ المومن کے مطابق قرآن مجید کی آیات میں جھگڑا کرنے والے ہیں: | منافق | فاسق | جاہل | کافر |
| 4 | سورۃ المومن میں اہلِ جنّت اور اہلِ دوزخ کے ذکر سے تعلیم دی جا رہی ہے: | عقیدۂ توحید کی | عقیدۂ رسالت کی | عقیدۂ آخرت کی | عقیدۂ تقدیر کی |
| 5 | فرعون کی قوم میں سے حضرت موسیٰ علیہ السلام کی حمایت کرنے والے کو اللہ تعالیٰ نے قرار دیا ہے: | صحابی | مسلمان | مومن | مجتہد |
| 6 | سورۃ المومن کا دوسرا نام ہے: | الکتاب | الذکر | الشفاء | غافر |
| 7 | حضرت موسیٰ علیہ السلام اور ان پر ایمان لانے والوں کے بیٹوں کو قتل کیا: | نمرود نے | فرعون نے | قارون نے | ابو جہل نے |

# 14- سورۃ حم السجدہ

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | حٰمٓ سے شروع ہونے والی سورتوں کو نام دیا گیا ہے: | سبع مثانی | حوامیم | مصابیح | مواقیت |
| 2 | آیت سجدہ تلاوت کرنے یا سننے پر لازم ہوتا ہے: | سکوت | سجدہ | توقف | جلسہ |
| 3 | سُوْرَةُ حٰمٓ السَّجْدَةِ میں مشرکین کے مطالبہ کا ذکر کیا گیا ہے: | آسمان کا پھٹنا | فرشتوں کا نظر آنا | عذاب کا نازل ہونا | قیامت کا برپا ہونا |
| 4 | قوم عاد پر نازل ہونے والے عذاب کی نوعیت تھی: | آندھی طوفان | آگ برسنا | پانی کا سیلاب | زمین میں دھنسنا |
| 5 | مشرکین کو آنکھ، کان اور کھال کے بارے میں باخبر کیا گیا ہے کہ: | یہ اعضا ان کے خلاف گواہی دیں گے | ان اعضا سے سوال کیا جائے گا | ان اعضا پر عذاب ہو گا | یہ اعضا خاموش رہیں گے |
| 6 | سُوْرَةُ حٰمٓ السَّجْدَةِ میں رکوع ہیں: | 16 | 6 | 26 | 36 |
| 7 | سُوْرَةُ حٰمٓ السَّجْدَةِ میں آیات ہیں: | 14 | 34 | 54 | 74 |

# 15- سورۃ الشوریٰ

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | سورۃ الشوریٰ کا مرکزی موضوع ہے: | عقائد | فضائل | عبادات | شمائل |
| 2 | سورۃ الشوریٰ کے نام سے اہمیت واضح ہوتی ہے: | اتحاد کی | ایمان کی | مشورے کی | بھائی چارے کی |
| 3 | نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيِّنَ ﷺ کی ذمہ داری ہے: | ہدایت دینا | نیک عمل کروانا | آیات یاد کروانا | اللہ تعالیٰ کا پیغام پہنچانا |
| 4 | سورۃ الشوریٰ کے مطابق نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيِّنَ ﷺ کی پریشانی کا سبب تھا: | جنگی حالات | لوگوں کی دشمنی | بت پرستی | دعوتِ اسلام کا انکار |
| 5 | سورۃ الشوریٰ میں باہمی معاملات سے متعلق مسلمانوں کو نصیحت کی گئی: | مشاورت کی | صبر و تحمل کی | استقامت کی | ایثار کی |
| 6 | سورۃ الشوریٰ میں رکوع ہیں: | 5 | 10 | 15 | 20 |
| 7 | سورۃ الشوریٰ میں آیات ہیں: | 33 | 43 | 53 | 63 |
| 8 | سورۃ الشوریٰ میں اہمیت بیان کی گئی ہے: | مشورہ کی | جہاد کی | انفاق کی | تہجد کی |
| 9 | اللہ تعالیٰ کے انسان سے کلام کرنے کے طریقے ہیں: | 5 | 2 | 3 | 4 |

# مختصر جوابی سوالات

**1-سورۃ الانعام:** 1۔ سورۃ الانعام کا مرکزی موضوع کیا ہے؟2۔ سورۃ الانعام کی فضیلت میں ایک حدیثِ مبارک کا مفہوم لکھیے۔3۔ جانوروں سے متعلق مشرکین کے کوئی سے دو عقائد تحریر کیجیے۔4۔ سورۃ الانعام کی روشنی میں کوئی سے دو معاشرتی احکام تحریر کیجیے۔5۔ سورۃ الانعام میں تبلیغِ دین کے حوالے سے نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيِّنَ ﷺ کو کیا نصیحت کی گئی ہے؟6۔ سورۃ الانعام کا نام انعام رکھنے کی کیا وجہ ہے؟7۔ سورۃ الانعام میں مشرکین کے کس باطل نظریے کی تردید کی گئی؟8۔ سورۃ الانعام میں مشرکین مکہ کو کس چیز کے بارے میں غور و فکر کی دعوت دی گئی ہے؟

**2-سورۃ الاعراف:** 1۔ مقامِ اَعراف سے کیا مراد ہے؟2۔ سورۃ الاعراف میں کتنے رکوع اور آیات ہیں؟3۔ سورۃ الاعراف میں مذکور حضور نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيِّنَ ﷺ کی کوئی سی چار خصوصیات تحریر کیجیے۔4۔ تلاوتِ قرآنِ مجید سننے کے دو آداب تحریر کیجیے۔5۔ شیطان کے بہکاوے سے بچنے کے لیے حدیثِ مبارک میں مذکور دعا کا ترجمہ لکھیے۔6۔ سب سے طویل مکی سورت کون سی ہے اور وہ کس پارے میں ہے؟7۔ سورۃ الاعراف کا مرکزی موضوع تحریر کیجیے۔8۔ سورۃ الاعراف میں غصے کے بارے میں کیا تعلیم بیان ہوئی ہے؟

**3-سورۃ یونس:** 1۔ سورۃ یونس کا مرکزی موضوع تحریر کیجیے۔2۔ سورۃ یونس میں موجود اللہ تعالیٰ کی قدرتِ کاملہ کے دو دلائل لکھئے۔3۔ بُت پرستی کی تردید کے دو دلائل تحریر کیجیے۔4۔ سورۃ یونس میں قرآن مجید کی حقّانیت کے بارے میں کفار کو کیا چیلنج دیا گیا ہے؟5۔ سورۃ یونس میں حضور اکرم خَاتَمُ النَّبِیّٖن ﷺ کو سابقہ انبیائے کرام علیہم السلام کے واقعات سے کیسے تسلی دی گئی؟6۔ سورۃ یونس میں قریش کی حالت کے بارے میں کیا فرمایا گیا ہے؟7۔ سورۃ یونس کے آخر میں نبی رحمت حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیّٖن ﷺ کو کس طرح تسلی دی گئی؟

**4-سورۃ ھود:** 1۔ سورۃ ھود کی فضیلت میں ایک حدیثِ مبارک کا ترجمہ لکھئے۔2۔ سورۃ ھود کتنے رکوع اور آیات پر مشتمل ہے؟3۔ سورۃ ھود میں بیان کیے گئے دو احکام لکھئے۔4۔ سورۃ ھود کا مرکزی موضوع لکھئے۔5۔ سورۃ ھود کی آیت نمبر چوبیس (24) میں مومن اور کافر کو کس مثال سے واضح کیا گیا ہے؟6۔ سورۃ ھود کہاں نازل ہوئی اور حضرت ھود علیہ السلام کو کس قوم کی طرف نبی بنا کر بھیجا گیا تھا؟7۔ سورۃ ھود کے آغاز میں بیان کردہ آپ خَاتَمُ النَّبِیّٖن ﷺ کی دو صفات لکھئے۔8۔ سورۃ ھود میں جن انبیائے کرام علیہم السلام کا ذکر ہوا ہے ان میں سے چار کے نام لکھئے۔9۔ قومِ ثمود کیوں ہلاک کی گئی؟10۔ سورۃ ھود میں حضرت ابراہیم علیہ السلام کو کیا خوش خبری دی گئی؟11۔ قومِ لوط پر کون سا عذاب نازل ہوا؟12۔ سورۃ ھود کے آخر میں پیغمبرِ رحمت حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیّٖن ﷺ کو کیا تلقین کی گئی ہے؟

**5-سورۃ الرعد:** 1۔ رعد سے کیا مراد ہے؟2۔ سورۃ الرعد کے کتنے رکوع اور آیات ہیں؟3۔ سورۃ الرعد کا مرکزی موضوع بیان کیجیے۔4۔ اہل ایمان کی دو صفات بیان کیجیے۔5۔ اللہ تعالیٰ نے نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖن ﷺ کی زبان سے جو اعلان کروائے ان میں سے کوئی سے تین لکھئے۔6۔ دلوں کا سکون اور چین کس چیز میں ہے؟7۔ سورۃ الرعد میں آپ خَاتَمُ النَّبِیّٖن ﷺ کو کن باتوں کی تلقین کی گئی؟8۔ انبیائے کرام علیہم السلام کی دو بشری صفات بیان کیجیے۔

**6-سورۃ ابراہیم:** 1۔ کفار کے اعمال کو کس مثال سے واضح کیا گیا ہے؟2۔ قیامت کے دن شیطان اپنے پیروکاروں کو کیا حقیقت بتائے گا؟3۔ سورۃ ابراہیم کی روشنی میں اللہ تعالیٰ کی قدرت کے تین دلائل لکھئے۔4۔ سورۃ ابراہیم میں موجود حضرت ابراہیم علیہ السلام کی دعاؤں میں سے کسی ایک دعا کا ترجمہ تحریر کیجیے۔5۔ سورۃ ابراہیم کا مختصر تعارف بیان کیجیے۔6۔ سورۃ ابراہیم میں کتنے رکوع اور کتنی آیات ہیں؟7۔ اہلِ مکہ خود کو کن سے منسوب کرتے تھے؟8۔ سورۃ ابراہیم کا مرکزی موضوع کیا ہے؟9۔ سورۃ ابراہیم کے آغاز میں عظمت قرآن کو کس طرح بیان کیا گیا ہے؟10۔ سابقہ اقوام نے انبیائے کرام علیہم السلام کے ساتھ کیا سلوک کیا؟11۔ قولِ ثابت سے کیا مراد ہے؟12۔ قیامت کے دن مجرمین کی حالت کیا ہوگی؟

**7-سورۃ الحجر:** 1۔ سورۃ الحجر میں اللہ تعالیٰ نے قرآنِ مجید کے بارے میں کیا ارشاد فرمایا؟2۔ سورۃ الحجر کا مرکزی موضوع تحریر کیجیے۔3۔ سورۃ الحجر کی فضیلت میں حدیثِ مبارک کا ترجمہ لکھئے۔4۔ سورۃ الحجر کے آغاز میں کس کا تذکرہ کیا گیا ہے؟5۔ سورۃ الحجر کی روشنی میں اللہ تعالیٰ کی قدرتِ کاملہ کے چند دلائل تحریر کیجیے۔6۔ سورۃ الحجر میں کتنے رکوع اور آیات ہیں؟7۔ حجر سے کیا مراد ہے؟8۔ اصحاب الحجر سے کیا مراد ہے اور ان کی طرف کس نبی کو بھیجا گیا تھا؟9۔ سورۃ الحجر کا مرکزی موضوع کیا ہے؟10۔ قومِ ثمود کو کس چیز پر گھمنڈ تھا؟

**8-سورۃ النحل:** 1۔ سورۃ النحل کا مرکزی موضوع تحریر کیجیے۔2۔ سورۃ النحل میں بیان کردہ اللہ تعالیٰ کی کوئی سی چار نعمتیں لکھئے۔3۔ سورۃ النحل میں کن دو گروہوں کا ذکر کیا گیا ہے؟4۔ سورۃ النحل میں منکرینِ حق کی کون سی نشانیاں بیان ہوئی ہیں؟5۔ دعوتِ دین کے کوئی سے دو اصول تحریر کیجیے۔6۔ سورۃ النحل کی وجہ تسمیہ تحریر کیجیے۔7۔ سورۃ النحل کو سورۃ النعم کیوں کہا جاتا ہے؟8۔ انسانی زندگی کے مختلف مدارج تحریر کیجیے۔9۔ سورۃ النحل میں بیان کیے گئے انبیائے کرام علیہم السلام کے دو فرائض تحریر کیجیے۔

**9-سورۃ بنی اسرائیل:** 1۔ سورۃ بنی اسرائیل کی روشنی میں والدین کے ساتھ کیسے پیش آنا چاہیے؟2۔ سورۃ بنی اسرائیل کی فضیلت میں ایک حدیثِ مبارک تحریر کیجیے۔3۔ واقعۂ معراج کے بارے میں مختصر اً تحریر کیجیے۔4۔ قرآنِ مجید کی کوئی سی دو صفات تحریر کیجیے۔5۔ سورۃ بنی اسرائیل میں بیان کردہ کوئی سے دو معاشرتی احکام بیان کیجیے۔6۔ سورۃ بنی اسرائیل کے اور کون کون سے نام ہیں؟7۔ سورۃ بنی اسرائیل کا مرکزی موضوع کیا ہے؟8۔ بعد از وصال والدین کے کون سے حقوق ہیں؟9۔ سورۃ بنی اسرائیل میں معاشرتی زندگی کے حوالے سے کیا نصیحتیں کی گئی ہیں؟10۔ قرآنِ مجید کو تھوڑا تھوڑا کر کے نازل کرنے کی کیا حکمت بیان کی گئی ہے؟

**10-سورۃ الکہف:** 1۔ سورۃ الکہف کا مرکزی موضوع بیان کیجیے۔2۔ ذوالقرنین کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟3۔ حضرت خضر علیہ السلام کے دو حکمت بھرے امور تحریر کیجیے۔4۔ سورۃ الکہف میں اصحابِ کہف کا واقعہ ذکر کرنے کا مقصد کیا ہے؟5۔ یاجوج وماجوج سے کیا مراد ہے؟6۔ سورۃ الکہف میں کتنے رکوع اور کتنی آیات ہیں؟7۔ اصحابِ کہف کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟8۔ ذوالقرنین کون تھے؟9۔ حضرت ذوالقرنین نے یاجوج وماجوج کو کیوں قید کیا؟10۔ یاجوج وماجوج کب آزاد ہوں گے؟

**11-سورۃ المومنون:** 1۔ سورۃ المومنون میں مومنین کی بیان کردہ دو صفات تحریر کیجیے۔2۔ سورۃ المومنون میں مومنین کو کس کا وارث قرار دیا گیا ہے؟3۔ سورۃ المومنون میں کفار مکہ کے انکار کی کیا وجہ بیان کی گئی ہے؟4۔ سورۃ المومنون کی ابتدائی دس آیات سے متعلق حدیثِ مبارک کا ترجمہ تحریر کیجیے۔5۔ سورۃ المومنون کے آغاز میں مومنین کی کون کون سی صفات بیان ہوئی ہیں؟6۔ قومِ نوح علیہ السلام پر عذاب کے واقعہ کو مختصر اً تحریر کیجیے۔7۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام اور حضرت ہارون علیہ السلام کی بعثت کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟8۔ اللہ تعالیٰ نے مشرکین سے کیا سوال پوچھے اور اس کا انھوں نے کیا جواب دیا؟

**12-سورۃ الزمر:** 1۔ سورۃ الزمر میں بیان کردہ توحید کے دو دلائل تحریر کیجیے۔ 2۔ سورۃ الزمر میں کن دو گروہوں کا ذکر ہے؟ 3۔ سورۃ الزمر میں مومنین کی کن دو صفات کا ذکر کیا گیا ہے؟ 4۔ قیامت کے برپا ہونے کے مراحل تحریر کیجیے۔ 5۔ سورۃ الزمر کی فضیلت میں ایک حدیثِ مبارک کا ترجمہ تحریر کیجیے۔ 6۔ سورۃ الزمر میں کتنے رکوع اور کتنی آیات ہیں؟ 7۔ سورۃ الزمر میں ہجرت کے بارے میں کیا کہا گیا ہے؟ 8۔ سورۃ الزمر کا مرکزی موضوع تحریر کیجیے۔ 9۔ سورۃ الزمر کی روشنی میں بتایئے کہ سفارش کا اختیار کس کے پاس ہے؟ 10۔ قیامت کے دن کون صور پھونکیں گے اور اس سے کون محفوظ رہیں گے؟

**13-سورۃ المومن:** 1۔ حوامیم میں کتنی سورتیں شامل ہیں؟ 2۔ سورۃ المومن کے مطابق قوم نوح کی ہلاکت کے اسباب تحریر کیجیے۔ 3۔ سورۃ المومن کے مطابق اہلِ جہنم کو غصے میں دیکھ کر فرشتے انھیں کیا کہیں گے؟ 4۔ سورۃ المومن کے آغاز میں وحی کو جھٹلانے والوں کا کیا انجام بیان ہوا ہے؟ 5۔ قرآنِ مجید میں سابقہ اقوام کی ہلاکت کے بیان سے ہمیں کیا سبق ملتا ہے؟ 6۔ سورۃ المومن میں کتنے رکوع اور کتنی آیات ہیں؟ 7۔ سورۃ المومن کا مرکزی موضوع کیا ہے؟ 8۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی دعوت پر فرعون نے کیا ردِّ عمل ظاہر کیا؟

**14-سورۃ حم السجدہ:** 1۔ سُوْرَۃُ حٰمٓ السَّجْدَۃِ میں قرآن مجید کی کیا صفات بیان کی گئی ہیں؟ 2۔ سُوْرَۃُ حٰمٓ السَّجْدَۃِ کے دو مزید نام تحریر کیجیے۔ 3۔ سُوْرَۃُ حٰمٓ السَّجْدَۃِ میں ایک مبلغ کی کیا صفات بیان کی گئی ہیں؟ 4۔ قیامت کے دن انسان کے خلاف کون گواہی دے گا؟ 5۔ سُوْرَۃُ حٰمٓ السَّجْدَۃِ کا مرکزی موضوع تحریر کیجیے۔ 6۔ مجموعہ حوامیم کی دوسری سورت کون سی ہے اور یہ کب نازل ہوئی؟ 7۔ داعی کو کن باتوں کا خیال رکھنا چاہیے؟

**15-سورۃ الشوریٰ:** 1۔ سورۃ الشوریٰ کا زمانۂ نزول تحریر کیجیے۔ 2۔ سورۃ الشوریٰ میں اہلِ ایمان کے کون سے نمایاں اوصاف بیان کیے گئے ہیں؟ 3۔ اللہ تعالیٰ کس طرح بندے سے کلام کرتا ہے؟ 4۔ مشاورت کی اہمیت بیان کیجیے۔ 5۔ سورۃ الشوریٰ میں نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو مشرکین کے حوالے سے کیا ارشاد فرمایا گیا ہے؟ 6۔ سورۃ الشوریٰ کا مرکزی موضوع کیا ہے؟ 7۔ سورۃ الشوریٰ کی روشنی میں اہلِ ایمان کے اوصاف تحریر کیجیے۔ 8۔ اہلِ ایمان کی زندگی میں مشاورت کی اہمیت تحریر کیجیے۔

# قرآنی الفاظ کے معانی

## سورۃ الانعام

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| (i) | تَعَالَوْا (آؤ) | (ii) | اَلَّا تُشْرِكُوْا (کہ تم شریک نہ ٹھہراؤ) | (iii) | اَوْفُوْا (پورا کرو) |
| (iv) | اَتْلُ (میں پڑھتا ہوں) | (v) | مِّنْ اِمْلَاقٍ (مفلسی کے ڈر سے) | (vi) | الْكَيْلَ (ماپ) |
| (vii) | حَرَّمَ (حرام کیا) | (viii) | اِيَّاهُمْ (انھیں بھی) | (ix) | الْمِيْزَانَ (تول) |
| (x) | رَبُّكُمْ (تمھارا رب) | (xi) | الْفَوَاحِشَ (بے حیائی) | (xii) | بِالْقِسْطِ (انصاف کے ساتھ) |

## سورۃ الاعراف

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| (i) | يَتَّبِعُوْنَ (پیروی کرتے ہیں) | (ii) | الطَّيِّبٰتِ (پاکیزہ چیزیں) | (iii) | عَزَّرُوْهُ (ان کی تعظیم کی) |
| (iv) | الْاَغْلٰلَ (طوق) | (v) | يُحْيٖ (وہ زندگی دیتا ہے) | (vi) | يُمِيْتُ (وہ موت دیتا ہے) |
| (vii) | الْخَبٰٓئِثَ (ناپاک چیزیں) | (viii) | اِصْرَهُمْ (ان کے بوجھ) | | |

## سورۃ النحل

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| (i) | نَبْعَثُ (ہم کھڑا کریں گے) | (ii) | تِبْيَانًا (کھول کر بیان کرنے والا) | (iii) | الْخَبٰٓئِثَ (ناپاک چیزیں) |
| (iv) | الطَّيِّبٰتِ (پاکیزہ چیزیں) | (v) | الْفَحْشَآءِ (بے حیائی) | (vi) | الْبَغْيِ (سرکشی) |
| (vii) | هٰٓؤُلَآءِ (یہ لوگ) | (viii) | بُشْرٰى (خوش خبری) | | |

## سورۃ بنی اسرائیل

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| (i) | الْكِبَرَ (بڑھاپا) | (ii) | لَا تَنْهَرْهُمَا (انھیں مت جھڑکو) | (iii) | صَغِيْرًا (بچپن میں) |
| (iv) | لَا تُبَذِّرْ (فضول خرچی مت کر) | (v) | مَغْلُوْلَةً (بندھا ہوا) | (vi) | مَنْصُوْرًا (مدد دیا ہوا) |
| (vii) | الْقِسْطَاسِ (ترازو) | (viii) | السَّمْعَ (کان) | (ix) | اَوْ كِلٰهُمَا (وہ دونوں ہی) |
| (x) | اِخْفِضْ (تو جھکائے رکھ) | (xi) | اَعْلَمُ (خوب جانتا ہے) | (xii) | مَيْسُوْرًا (آسان، نرم) |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| (xiii) | مَحْسُوْرٌ (تھکا ماندہ) | (xiv) | الْفُؤَادُ (دل) | (xv) | اَشُدَّہٗ (اپنی جوانی کو) |
| (xvi) | الْبَصَرُ (آنکھیں) | (xvii) | رَبَّيٰنِيْ (انھوں نے میری پرورش کی) | (xviii) | اِبْنُ السَّبِيْلِ (مسافر) |
| (xix) | يَدَكَ (تیرا ہاتھ) | (xx) | اِيَّاكُمْ (تمھیں بھی) | (xxi) | مَرَحًا (اتراتے ہوئے) |

**سورۃ الکھف**

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| (i) | عِوَجًا (کوئی کجی، کمزوری) | (ii) | يُبَشِّرَ (تاکہ وہ خوش خبری دے) | (iii) | قَيِّمًا (اس حال میں کہ وہ سیدھی ہے) |
| (iv) | عَلٰٓى اٰذَانِهِمْ (ان کے کانوں پر) | (v) | لِيُنْذِرَ (تاکہ وہ ڈرائے) | (vi) | اَسَفًا (افسوس کرتے ہوئے) |
| (vii) | لِنَبْلُوَهُمْ (تاکہ ہم انھیں آزمائیں) | (viii) | اَحْصٰى (صحیح شمار کر سکتا ہے) | (ix) | اَحْسَنُ (زیادہ اچھا) |
| (x) | الْفِتْيَةُ (کچھ نوجوان) | (xi) | الرَّقِيْمُ (تختی) | (xii) | هَيِّئْ (آسان کر دے) |
| (xiii) | اَصْحٰبُ الْكَهْفِ (غار والے) | (xiv) | مّٰكِثِيْنَ (اس حال میں کہ وہ رہنے والے ہوں گے) | | |

**سورۃ المومنون**

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| (i) | اَفْلَحَ (فلاح پا گئے) | (ii) | هُمْ (وہ لوگ) | (iii) | خٰشِعُوْنَ (خشوع کرنے والے ہیں) |
| (iv) | اللَّغْوِ (فضول باتیں اور کام) | (v) | مُعْرِضُوْنَ (اعراض برتنے والے) | (vi) | حٰفِظُوْنَ (حفاظت کرنے والے) |
| (vii) | الْفِرْدَوْسَ (جنّت کا اعلیٰ ترین درجہ) | (viii) | اَيْمَانُهُمْ (ان کے دائیں ہاتھ) | (ix) | اِنَّهُمْ (بے شک وہ لوگ) |
| (x) | غَيْرُ مَلُوْمِيْنَ (ملامت زدہ نہیں ہیں) | (xi) | ابْتَغٰى (تلاش کرے) | (xii) | وَرَآءَ (سوائے، اس کے علاوہ) |
| (xiii) | ذٰلِكَ (اس کے) | (xiv) | فِيْهَا (اس میں) | (xv) | الْعٰدُوْنَ (حد سے گزرنے والے) |
| (xvi) | اَمٰنٰتِهِمْ (اپنی امانتیں) | (xvii) | عَهْدِهِمْ (اپنے عہد) | (xviii) | رٰعُوْنَ (حفاظت کرنے والے) |
| (xix) | يُحَافِظُوْنَ (حفاظت کرتے ہیں) | (xx) | يَرِثُوْنَ (وارث ہوں گے) | (xxi) | خٰلِدُوْنَ (ہمیشہ رہیں گے) |

**سورۃ الزمر**

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| (i) | لَا تَزِرُ (بوجھ نہیں اٹھائے گا) | (ii) | وِّزْرَ (بوجھ) | (iii) | مَسَّ (پہنچتی ہے) |
| (iv) | ضُرٌّ (کوئی تکلیف) | (v) | قَانِتٌ (عبادت کرتا ہے) | (vi) | يَحْذَرُ (ڈرتا ہے) |
| (vii) | لَا تَقْنَطُوْا (مایوس نہ ہونا) | (viii) | الذُّنُوْبَ (سارے گناہ) | | |

**سورۃ الشوریٰ**

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| (i) | الْمَوَدَّةَ (محبت) | (ii) | اسْتَجَابُوْا (وہ حکم مانتے ہیں) | (iii) | الْقُرْبٰى (قرابت (رشتہ داری)) |
| (iv) | اَمْرُهُمْ (ان کے معاملات) | (v) | يَجْتَنِبُوْنَ (وہ بچتے ہیں) | (vi) | شُوْرٰى (مشورے سے) |

# قرآنی آیات برائے بامحاورہ ترجمہ

**سورۃ الانعام**

| | |
|---|---|
| 151 | قُلْ تَعَالَوْا اَتْلُ مَا حَرَّمَ رَبُّكُمْ عَلَيْكُمْ اَلَّا تُشْرِكُوْا بِهٖ شَيْـًٔا وَّ بِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا ۚ وَلَا تَقْتُلُوْٓا اَوْلَادَكُمْ مِّنْ اِمْلَاقٍ ؕ نَحْنُ نَرْزُقُكُمْ وَاِيَّاهُمْ ۚ وَلَا تَقْرَبُوا الْفَوَاحِشَ مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ ۚ وَلَا تَقْتُلُوا النَّفْسَ الَّتِيْ حَرَّمَ اللّٰهُ اِلَّا بِالْحَقِّ ؕ ذٰلِكُمْ وَصّٰىكُمْ بِهٖ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ۔ |
| 152 | وَلَا تَقْرَبُوْا مَالَ الْيَتِيْمِ اِلَّا بِالَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ حَتّٰى يَبْلُغَ اَشُدَّهٗ ۚ وَاَوْفُوا الْكَيْلَ وَالْمِيْزَانَ بِالْقِسْطِ ۚ لَا نُكَلِّفُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا ۚ وَاِذَا قُلْتُمْ فَاعْدِلُوْا وَلَوْ كَانَ ذَا قُرْبٰى ۚ وَبِعَهْدِ اللّٰهِ اَوْفُوْا ؕ ذٰلِكُمْ وَصّٰىكُمْ بِهٖ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ۔ |
| 153 | وَاَنَّ هٰذَا صِرَاطِيْ مُسْتَقِيْمًا فَاتَّبِعُوْهُ ۚ وَلَا تَتَّبِعُوا السُّبُلَ فَتَفَرَّقَ بِكُمْ عَنْ سَبِيْلِهٖ ؕ ذٰلِكُمْ وَصّٰىكُمْ بِهٖ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ۔ |

**سورۃ الاعراف**

| | |
|---|---|
| 157 | اَلَّذِیۡنَ یَتَّبِعُوۡنَ الرَّسُوۡلَ النَّبِیَّ الۡاُمِّیَّ الَّذِیۡ یَجِدُوۡنَهٗ مَکۡتُوۡبًا عِنۡدَهُمۡ فِی التَّوۡرٰىةِ وَالۡاِنۡجِیۡلِ ۫ یَاۡمُرُهُمۡ بِالۡمَعۡرُوۡفِ وَیَنۡهٰهُمۡ عَنِ الۡمُنۡکَرِ وَیُحِلُّ لَهُمُ الطَّیِّبٰتِ وَیُحَرِّمُ عَلَیۡهِمُ الۡخَبٰٓئِثَ وَیَضَعُ عَنۡهُمۡ اِصۡرَهُمۡ وَالۡاَغۡلٰلَ الَّتِیۡ کَانَتۡ عَلَیۡهِمۡ ؕ فَالَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا بِهٖ وَعَزَّرُوۡهُ وَنَصَرُوۡهُ وَاتَّبَعُوا النُّوۡرَ الَّذِیۡۤ اُنۡزِلَ مَعَهٗۤ ۙ اُولٰٓئِکَ هُمُ الۡمُفۡلِحُوۡنَ۔ |
| 158 | قُلۡ یٰۤاَیُّهَا النَّاسُ اِنِّیۡ رَسُوۡلُ اللّٰهِ اِلَیۡکُمۡ جَمِیۡعَا ۨ الَّذِیۡ لَهٗ مُلۡکُ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ ۚ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ یُحۡیٖ وَیُمِیۡتُ ۪ فَاٰمِنُوۡا بِاللّٰهِ وَرَسُوۡلِهِ النَّبِیِّ الۡاُمِّیِّ الَّذِیۡ یُؤۡمِنُ بِاللّٰهِ وَکَلِمٰتِهٖ وَاتَّبِعُوۡهُ لَعَلَّکُمۡ تَهۡتَدُوۡنَ۔ |

## سورۃ النحل

| | |
|---|---|
| 89 | وَیَوۡمَ نَبۡعَثُ فِیۡ کُلِّ اُمَّةٍ شَهِیۡدًا عَلَیۡهِمۡ مِّنۡ اَنۡفُسِهِمۡ وَ جِئۡنَا بِکَ شَهِیۡدًا عَلٰی هٰۤؤُلَآءِ ؕ وَنَزَّلۡنَا عَلَیۡکَ الۡکِتٰبَ تِبۡیَانًا لِّکُلِّ شَیۡءٍ وَّهُدًی وَّرَحۡمَةً وَّبُشۡرٰی لِلۡمُسۡلِمِیۡنَ۔ |
| 90 | اِنَّ اللّٰهَ یَاۡمُرُ بِالۡعَدۡلِ وَالۡاِحۡسَانِ وَاِیۡتَآیِٔ ذِی الۡقُرۡبٰی وَیَنۡهٰی عَنِ الۡفَحۡشَآءِ وَالۡمُنۡکَرِ وَالۡبَغۡیِ ۚ یَعِظُکُمۡ لَعَلَّکُمۡ تَذَکَّرُوۡنَ۔ |

## سورۃ بنی اسرائیل

| | |
|---|---|
| 23 | وَقَضٰی رَبُّکَ اَلَّا تَعۡبُدُوۡۤا اِلَّاۤ اِیَّاهُ وَبِالۡوَالِدَیۡنِ اِحۡسَانًا ؕ اِمَّا یَبۡلُغَنَّ عِنۡدَکَ الۡکِبَرَ اَحَدُهُمَاۤ اَوۡ کِلٰهُمَا فَلَا تَقُلۡ لَّهُمَاۤ اُفٍّ وَّلَا تَنۡهَرۡهُمَا وَقُلۡ لَّهُمَا قَوۡلًا کَرِیۡمًا۔ |
| 24 | وَاخۡفِضۡ لَهُمَا جَنَاحَ الذُّلِّ مِنَ الرَّحۡمَةِ وَقُلۡ رَّبِّ ارۡحَمۡهُمَا کَمَا رَبَّیٰنِیۡ صَغِیۡرًا۔ |
| 25 | رَبُّکُمۡ اَعۡلَمُ بِمَا فِیۡ نُفُوۡسِکُمۡ ؕ اِنۡ تَکُوۡنُوۡا صٰلِحِیۡنَ فَاِنَّهٗ کَانَ لِلۡاَوَّابِیۡنَ غَفُوۡرًا۔ |
| 26 | وَاٰتِ ذَا الۡقُرۡبٰی حَقَّهٗ وَالۡمِسۡکِیۡنَ وَابۡنَ السَّبِیۡلِ وَلَا تُبَذِّرۡ تَبۡذِیۡرًا۔ |
| 27 | اِنَّ الۡمُبَذِّرِیۡنَ کَانُوۡۤا اِخۡوَانَ الشَّیٰطِیۡنِ ؕ وَکَانَ الشَّیۡطٰنُ لِرَبِّهٖ کَفُوۡرًا۔ |
| 28 | وَاِمَّا تُعۡرِضَنَّ عَنۡهُمُ ابۡتِغَآءَ رَحۡمَةٍ مِّنۡ رَّبِّکَ تَرۡجُوۡهَا فَقُلۡ لَّهُمۡ قَوۡلًا مَّیۡسُوۡرًا۔ |
| 29 | وَلَا تَجۡعَلۡ یَدَکَ مَغۡلُوۡلَةً اِلٰی عُنُقِکَ وَلَا تَبۡسُطۡهَا کُلَّ الۡبَسۡطِ فَتَقۡعُدَ مَلُوۡمًا مَّحۡسُوۡرًا۔ |
| 30 | اِنَّ رَبَّکَ یَبۡسُطُ الرِّزۡقَ لِمَنۡ یَّشَآءُ وَیَقۡدِرُ ؕ اِنَّهٗ کَانَ بِعِبَادِهٖ خَبِیۡرًۢا بَصِیۡرًا۔ |
| 31 | وَلَا تَقۡتُلُوۡۤا اَوۡلَادَکُمۡ خَشۡیَةَ اِمۡلَاقٍ ؕ نَحۡنُ نَرۡزُقُهُمۡ وَاِیَّاکُمۡ ؕ اِنَّ قَتۡلَهُمۡ کَانَ خِطۡاً کَبِیۡرًا۔ |
| 32 | وَلَا تَقۡرَبُوا الزِّنٰۤی اِنَّهٗ کَانَ فَاحِشَةً ؕ وَسَآءَ سَبِیۡلًا۔ |
| 33 | وَلَا تَقۡتُلُوا النَّفۡسَ الَّتِیۡ حَرَّمَ اللّٰهُ اِلَّا بِالۡحَقِّ ؕ وَمَنۡ قُتِلَ مَظۡلُوۡمًا فَقَدۡ جَعَلۡنَا لِوَلِیِّهٖ سُلۡطٰنًا فَلَا یُسۡرِفۡ فِّی الۡقَتۡلِ ؕ اِنَّهٗ کَانَ مَنۡصُوۡرًا۔ |
| 34 | وَلَا تَقۡرَبُوۡا مَالَ الۡیَتِیۡمِ اِلَّا بِالَّتِیۡ هِیَ اَحۡسَنُ حَتّٰی یَبۡلُغَ اَشُدَّهٗ ۪ وَاَوۡفُوۡا بِالۡعَهۡدِ ۚ اِنَّ الۡعَهۡدَ کَانَ مَسۡـُٔوۡلًا۔ |
| 35 | وَاَوۡفُوا الۡکَیۡلَ اِذَا کِلۡتُمۡ وَزِنُوۡا بِالۡقِسۡطَاسِ الۡمُسۡتَقِیۡمِ ؕ ذٰلِکَ خَیۡرٌ وَّاَحۡسَنُ تَاۡوِیۡلًا۔ |
| 36 | وَلَا تَقۡفُ مَا لَیۡسَ لَکَ بِهٖ عِلۡمٌ ؕ اِنَّ السَّمۡعَ وَالۡبَصَرَ وَالۡفُؤَادَ کُلُّ اُولٰٓئِکَ کَانَ عَنۡهُ مَسۡـُٔوۡلًا۔ |
| 37 | وَلَا تَمۡشِ فِی الۡاَرۡضِ مَرَحًا ۚ اِنَّکَ لَنۡ تَخۡرِقَ الۡاَرۡضَ وَلَنۡ تَبۡلُغَ الۡجِبَالَ طُوۡلًا۔ |
| 38 | کُلُّ ذٰلِکَ کَانَ سَیِّئُهٗ عِنۡدَ رَبِّکَ مَکۡرُوۡهًا۔ |
| 39 | ذٰلِکَ مِمَّاۤ اَوۡحٰۤی اِلَیۡکَ رَبُّکَ مِنَ الۡحِکۡمَةِ ؕ وَلَا تَجۡعَلۡ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ فَتُلۡقٰی فِیۡ جَهَنَّمَ مَلُوۡمًا مَّدۡحُوۡرًا۔ |
| 40 | اَفَاَصۡفٰىکُمۡ رَبُّکُمۡ بِالۡبَنِیۡنَ وَاتَّخَذَ مِنَ الۡمَلٰٓئِکَةِ اِنَاثًا ؕ اِنَّکُمۡ لَتَقُوۡلُوۡنَ قَوۡلًا عَظِیۡمًا۔ |

## سورۃ الکہف

| | |
|---|---|
| 1 | اَلۡحَمۡدُ لِلّٰهِ الَّذِیۡۤ اَنۡزَلَ عَلٰی عَبۡدِهِ الۡکِتٰبَ وَلَمۡ یَجۡعَلۡ لَّهٗ عِوَجًا۔ |
| 2 | قَیِّمًا لِّیُنۡذِرَ بَاۡسًا شَدِیۡدًا مِّنۡ لَّدُنۡهُ وَیُبَشِّرَ الۡمُؤۡمِنِیۡنَ الَّذِیۡنَ یَعۡمَلُوۡنَ الصّٰلِحٰتِ اَنَّ لَهُمۡ اَجۡرًا حَسَنًا۔ |
| 3 | مَّاکِثِیۡنَ فِیۡهِ اَبَدًا۔ |
| 4 | وَّیُنۡذِرَ الَّذِیۡنَ قَالُوا اتَّخَذَ اللّٰهُ وَلَدًا۔ |

| | |
|---|---|
| 5 | مَا لَهُمْ بِهٖ مِنْ عِلْمٍ وَّلَا لِاٰبَآئِهِمْ ؕ كَبُرَتْ كَلِمَةً تَخْرُجُ مِنْ اَفْوَاهِهِمْ ؕ اِنْ يَّقُوْلُوْنَ اِلَّا كَذِبًا۔ |
| 6 | فَلَعَلَّكَ بَاخِعٌ نَّفْسَكَ عَلٰٓى اٰثَارِهِمْ اِنْ لَّمْ يُؤْمِنُوْا بِهٰذَا الْحَدِيْثِ اَسَفًا۔ |
| 7 | اِنَّا جَعَلْنَا مَا عَلَى الْاَرْضِ زِيْنَةً لَّهَا لِنَبْلُوَهُمْ اَيُّهُمْ اَحْسَنُ عَمَلًا۔ |
| 8 | وَاِنَّا لَجٰعِلُوْنَ مَا عَلَيْهَا صَعِيْدًا جُرُزًا۔ |
| 9 | اَمْ حَسِبْتَ اَنَّ اَصْحٰبَ الْكَهْفِ وَالرَّقِيْمِ ۙ كَانُوْا مِنْ اٰيٰتِنَا عَجَبًا۔ |
| 10 | اِذْ اَوَى الْفِتْيَةُ اِلَى الْكَهْفِ فَقَالُوْا رَبَّنَآ اٰتِنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً وَّهَيِّئْ لَنَا مِنْ اَمْرِنَا رَشَدًا۔ |
| 11 | فَضَرَبْنَا عَلٰٓى اٰذَانِهِمْ فِى الْكَهْفِ سِنِيْنَ عَدَدًا۔ |
| 12 | ثُمَّ بَعَثْنٰهُمْ لِنَعْلَمَ اَيُّ الْحِزْبَيْنِ اَحْصٰى لِمَا لَبِثُوْٓا اَمَدًا۔ |
| 110 | قُلْ اِنَّمَآ اَنَا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ يُوْحٰٓى اِلَيَّ اَنَّمَآ اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ فَمَنْ كَانَ يَرْجُوْا لِقَآءَ رَبِّهٖ فَلْيَعْمَلْ عَمَلًا صَالِحًا وَّلَا يُشْرِكْ بِعِبَادَةِ رَبِّهٖٓ اَحَدًا۔ |

## سورۃ المومنون

| | |
|---|---|
| 1 | قَدْ اَفْلَحَ الْمُؤْمِنُوْنَ۔ |
| 2 | الَّذِيْنَ هُمْ فِيْ صَلَاتِهِمْ خٰشِعُوْنَ۔ |
| 3 | وَالَّذِيْنَ هُمْ عَنِ اللَّغْوِ مُعْرِضُوْنَ۔ |
| 4 | وَالَّذِيْنَ هُمْ لِلزَّكٰوةِ فٰعِلُوْنَ۔ |
| 5 | وَالَّذِيْنَ هُمْ لِفُرُوْجِهِمْ حٰفِظُوْنَ۔ |
| 6 | اِلَّا عَلٰٓى اَزْوَاجِهِمْ اَوْ مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُمْ فَاِنَّهُمْ غَيْرُ مَلُوْمِيْنَ۔ |
| 7 | فَمَنِ ابْتَغٰى وَرَآءَ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْعٰدُوْنَ۔ |
| 8 | وَالَّذِيْنَ هُمْ لِاَمٰنٰتِهِمْ وَعَهْدِهِمْ رٰعُوْنَ۔ |
| 9 | وَالَّذِيْنَ هُمْ عَلٰى صَلَوٰتِهِمْ يُحَافِظُوْنَ۔ |
| 10 | اُولٰٓئِكَ هُمُ الْوٰرِثُوْنَ۔ |
| 11 | الَّذِيْنَ يَرِثُوْنَ الْفِرْدَوْسَ ؕ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ۔ |

## سورۃ الزمر

| | |
|---|---|
| 7 | اِنْ تَكْفُرُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ غَنِيٌّ عَنْكُمْ ۟ وَلَا يَرْضٰى لِعِبَادِهِ الْكُفْرَ ۚ وَاِنْ تَشْكُرُوْا يَرْضَهُ لَكُمْ ؕ وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرٰى ؕ ثُمَّ اِلٰى رَبِّكُمْ مَّرْجِعُكُمْ فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ؕ اِنَّهٗ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ۔ |
| 8 | وَاِذَا مَسَّ الْاِنْسَانَ ضُرٌّ دَعَا رَبَّهٗ مُنِيْبًا اِلَيْهِ ثُمَّ اِذَا خَوَّلَهٗ نِعْمَةً مِّنْهُ نَسِيَ مَا كَانَ يَدْعُوْٓا اِلَيْهِ مِنْ قَبْلُ وَجَعَلَ لِلّٰهِ اَنْدَادًا لِّيُضِلَّ عَنْ سَبِيْلِهٖ ؕ قُلْ تَمَتَّعْ بِكُفْرِكَ قَلِيْلًا ۖ اِنَّكَ مِنْ اَصْحٰبِ النَّارِ۔ |
| 9 | اَمَّنْ هُوَ قَانِتٌ اٰنَآءَ الَّيْلِ سَاجِدًا وَّقَآئِمًا يَّحْذَرُ الْاٰخِرَةَ وَيَرْجُوْا رَحْمَةَ رَبِّهٖ ؕ قُلْ هَلْ يَسْتَوِى الَّذِيْنَ يَعْلَمُوْنَ وَالَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ ؕ اِنَّمَا يَتَذَكَّرُ اُولُوا الْاَلْبَابِ۔ |
| 10 | قُلْ يٰعِبَادِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوْا رَبَّكُمْ ؕ لِلَّذِيْنَ اَحْسَنُوْا فِيْ هٰذِهِ الدُّنْيَا حَسَنَةٌ ؕ وَاَرْضُ اللّٰهِ وَاسِعَةٌ ؕ اِنَّمَا يُوَفَّى الصّٰبِرُوْنَ اَجْرَهُمْ بِغَيْرِ حِسَابٍ۔ |
| 11 | قُلْ اِنِّيْٓ اُمِرْتُ اَنْ اَعْبُدَ اللّٰهَ مُخْلِصًا لَّهُ الدِّيْنَ۔ |
| 12 | وَاُمِرْتُ لِاَنْ اَكُوْنَ اَوَّلَ الْمُسْلِمِيْنَ۔ |
| 13 | قُلْ اِنِّيْٓ اَخَافُ اِنْ عَصَيْتُ رَبِّيْ عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيْمٍ۔ |
| 14 | قُلِ اللّٰهَ اَعْبُدُ مُخْلِصًا لَّهٗ دِيْنِيْ۔ |

| | |
|---|---|
| 53 | قُلۡ یٰعِبَادِیَ الَّذِیۡنَ اَسۡرَفُوۡا عَلٰۤی اَنۡفُسِہِمۡ لَا تَقۡنَطُوۡا مِنۡ رَّحۡمَۃِ اللّٰہِ ؕ اِنَّ اللّٰہَ یَغۡفِرُ الذُّنُوۡبَ جَمِیۡعًا ؕ اِنَّہٗ ہُوَ الۡغَفُوۡرُ الرَّحِیۡمُ۔ |

سورۃ الشوریٰ

| | |
|---|---|
| 23 | ذٰلِکَ الَّذِیۡ یُبَشِّرُ اللّٰہُ عِبَادَہُ الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ؕ قُلۡ لَّاۤ اَسۡـَٔلُکُمۡ عَلَیۡہِ اَجۡرًا اِلَّا الۡمَوَدَّۃَ فِی الۡقُرۡبٰی ؕ وَ مَنۡ یَّقۡتَرِفۡ حَسَنَۃً نَّزِدۡ لَہٗ فِیۡہَا حُسۡنًا ؕ اِنَّ اللّٰہَ غَفُوۡرٌ شَکُوۡرٌ۔ |
| 37 | وَ الَّذِیۡنَ یَجۡتَنِبُوۡنَ کَبٰٓئِرَ الۡاِثۡمِ وَ الۡفَوَاحِشَ وَ اِذَا مَا غَضِبُوۡا ہُمۡ یَغۡفِرُوۡنَ۔ |
| 38 | وَ الَّذِیۡنَ اسۡتَجَابُوۡا لِرَبِّہِمۡ وَ اَقَامُوا الصَّلٰوۃَ ۪ وَ اَمۡرُہُمۡ شُوۡرٰی بَیۡنَہُمۡ ۪ وَ مِمَّا رَزَقۡنٰہُمۡ یُنۡفِقُوۡنَ۔ |

## تفصیلی جوابی سوالات

1۔ سورۃ الانعام کا تعارف، مرکزی موضوع اور بنیادی مضامین تحریر کیجیے۔2۔ سورۃ الاعراف کا تعارف، مرکزی موضوع اور بنیادی مضامین تحریر کیجیے۔3۔ سورۃ ابراہیم کا تعارف، مرکزی موضوع اور بنیادی مضامین تحریر کیجیے۔4۔ سورۃ النحل کا تعارف، مرکزی موضوع اور بنیادی مضامین تحریر کیجیے۔5۔ سورۃ بنی اسرائیل کا تعارف، مرکزی موضوع اور بنیادی مضامین تحریر کیجیے۔6۔ سورۃ الکہف کا تعارف، مرکزی موضوع اور بنیادی مضامین تحریر کیجیے۔7۔ سورۃ المومنون کا تعارف، مرکزی موضوع اور بنیادی مضامین تحریر کیجیے۔8۔ سورۃ الزمر کا تعارف، مرکزی موضوع اور بنیادی مضامین تحریر کیجیے۔9۔ سورۃ الشوریٰ کا تعارف، مرکزی موضوع اور بنیادی مضامین تحریر کیجیے۔

☆☆☆☆☆